## سوال

کیا ایسا کہنا جائز ہے کہ 'وطن کے نام سے' یہ کام کرتا ہوں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس طرح کی عبارتیں استعمال کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے کہ ''وطن کے نام سے، قوم کے نام سے، عربیت کے نام سے''؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس طرح کی عبارتوں سے انسان کی مراد عرب یا اہل شہر ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر مقصود تبرک واستعانت ہو تو یہ شرک کی ایک قسم ہے اور اگر کہنے والے کے دل میں ان چیزوں کی عظمت ہو تو اس طرح کے الفاظ کا استعمال شرک اکبر بھی ہو سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ارکان اسلام]

**عقائد کے مسائل: صفحہ180**